میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ تیونس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل، 11 ذی القعدہ، 1442ھ | 22/06/2021 | نمبر: 41 / 1442

پریس ریلیز

تیونس میں حزب التحریر کے رکن محمد الاحمدی کا سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں اغوا

29 جولائی بروز جمعرات، سیکیورٹی فورسز کی ایک بڑی تعداد نے سدی بوزید کے علاقے میں حزب التحریر کے رکن محمد الاحمدی کو اس وقت اغوا کر لیا جب وہ حزب التحریر ولایہ تیونس کی جانب سے جاری کی گئی ایک پریس ریلیز تقسیم کر رہے تھے۔ پریس ریلیز میں نہ صرف تیونس کے صدر سعید کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا تھا بلکہ تیونس کی عوام اور افواج میں مخلص افراد سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ وہ تیونس کا اقتدار حزب التحریر کے سپرد کر دیں تاکہ نبوت کی طرز پر دوسری خلافت راشدہ قائم ہو اور تیونس سے غیر ملکی اثرورسوخ اور ایجنٹس کا خاتمہ ہو سکے۔

محمد الاحمدی سے پولیس اسٹیشن میں پریس ریلیز سے متعلق پوچھ گچھ کی گئی۔ پریس ریلیز کا عنوان یہ تھا، 'آرٹیکل ۸۰ کے نفاذ کا مطلب پرانے نظام کو نئے چہروں کے ساتھ بحال رکھنا ہے، کیا آپ خاردار جھاڑیوں سے انگور حاصل کرنا چاہتے ہیں؟' پھر حزب التحریر کے رکن کو پیر کے روز پبلک پراسیکیوٹر کے سامنے پیش ہونے کا کہا گیا۔

اے تیونس کے حکمرانو! کیا اس کرپٹ نظام حکومت میں سیکیورٹی فورسز کا کردار یہی رہ گیا ہے کہ وہ غداروں کے سامنے کلمہ حق بلند کرنے والوں اور ان کی منصوبہ بندیوں کو بے نقاب کرنے والوں کو گرفتار کریں؟

اغواکاریوں اور گرفتاریوں سے دہشت اور خوف کی فضا پھیلانے کی کوشش تیونس کے نکالے گئے صدر بن علی کی سیاسی پولیس کی یاد تازہ کر رہی ہے۔ ہم حزب التحریر ولایہ تیونس اس بات کا اعلان کرتے ہیں کہ یہ کوششیں ہمیں ظالم حکمرانوں اور ان کے غیر ملکی آقاؤں کے خلاف جاری جدوجہد سے روک نہیں سکتیں۔ اور ہم ایک بار پھر تیونس کی عوام اور افواج میں موجود مخلص افراد سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ان ظالم حکمرانوں کا ہاتھ روکیں جو اللہ کے ساتھیوں کو ظلم کا نشانہ بناتے ہیں۔ اور لوگوں کو اللہ کے احکامات پر عمل کرنے سے روکتے ہیں۔ ان حکمرانوں اور ان کی حکومتوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینکنے کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے

﴿وَلَا تَقْعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ وَتَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِهِ وَتَبْغُونَهَا عِوَجاً﴾

"اور سڑکوں پر اس غرض سے مت بیٹھا کرو کہ اللہ پر ایمان لانے والوں کو دھمکیاں دو اور اللہ کی راہ سے روکو اور اس میں ٹیڑھا پن تلاش کرو" (سورۃ الاعراف:86)

ولایہ تیونس میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ٹیلی فون: 71345949 / 21430700   فیکس: 71345950
ای میل: info@hizb-ut-tahrir.tn   ویب سائٹ: www.hizb_ut_tahrir.tn